Information for Patients

مریضوں کے لیے رہنماہدایات

# Anticoagulation Therapy

# اینٹی کوایگیولیشن تھراپی

## Call Your Anticoagulation Clinic When:

- You miss two doses of Warfarin in a row.
- You start or stop any medications (including prescription medication, over-the-counter medications, herbal or natural products, vitamins or supplements)
- Your dietary intake of Vitamin-K contains food changes
- Report to emergency if you notice any unusual or prolonged bleeding (red or dark brown urine, red or dark tarry stools, nosebleeds lasting longer than 5 minutes) or significant bruising (from serious trauma or fall or bruising without significant injury)
- Report to emergency if you notice any unusual headache, chest pain, breathlessness or swelling in limbs, abdominal pain or blurred vision
- You develop a fever or a significant illness (vomiting, diarrhoea, any kind of infection, pain or swelling)
- You have been scheduled for a surgical, invasive or dental procedure
- Report to emergency if you are experiencing significant menstrual blood loss.
- You are pregnant or planning to get pregnant **(note: warfarin is not to be taken in pregnancy)**
- You have any questions about your Warfarin therapy

## اینٹی کوایگیولیشن کلینک فون کریں جب:

- آپ وارفیرن کی دو لگاتار خوراکیں لینا بھول گئے ہوں۔
- آپ نے کسی دوا کا استعمال شروع یا ترک کیا ہو (مثلاً ڈاکٹر کی تجویز کردہ ادویات، ڈاکٹری نسخے کے بغیر دستیاب ادویات، حکیمی یا قدرتی مصنوعات، وٹامنز یا ان کے سپلیمنٹس۔
- آپ کی اس خوراک میں تبدیلی واقع ہوئی ہو جس میں وٹامن۔کے شامل ہوتا ہے۔
- ایمرجنسی میں مطلع کریں اگر آپ غیر معمولی یا طویل عرصے تک خون بہنے کی علامات دیکھیں (مثلاً سرخ رنگ کا پیشاب، سرخ یا کالے رنگ کا فضلہ، 5 منٹ سے زائد وقت تک ناک سے خون آنا) جسم کے کسی حصّے پر نیل پڑ جائے۔ (کسی حادثے یا گرنے کے نتیجے میں یا اس کے بغیر)
- ایمرجنسی میں مطلع کریں اگر آپ غیر معمولی سر درد، سینے کے درد، سانس پھولنے، ہاتھوں پیروں میں سوجن، پیٹ کے درد یا نظر دھندلانے جیسی شکایات محسوس کریں۔
- آپ بخار، قے، ہیضہ یا کسی انفیکشن کا شکار ہوں۔
- آپ کے کسی آپریشن یا پروسیجر کے لیے دن مقرر کیا گیا ہو یا آپ نے دانتوں کے ڈاکٹر سے اپائنٹمنٹ لیا ہو۔
- ایمرجنسی میں مطلع کریں اگر ماہواری کے دوران خارج ہونے والے خون کی مقدار غیر معمولی حد تک زیادہ ہو۔
- آپ ماں بننے والی ہوں یا اس کا ارادہ کر رہی ہوں (یاد رہے، وارفیرن حمل کے دوران نہیں لی جاتی)۔
- آپ وارفیرن سے متعلق کچھ جاننا چاہ رہے/ رہی ہوں۔

**For more information, please contact:**

Drug and Poison Information Centre,
Department of Pharmacy Services,
Aga Khan University Hospital, Karachi
P.O. Box 3500, Stadium Road,
Karachi-74800, Pakistan.
Tel: 021 3486 1504/1506
Email: drug.information@aku.edu
Website: hospitals.aku.edu/karachi/dpic

**مزید معلومات کے لیے برائے مہربانی رابطہ کریں:**

ڈرگ اینڈ پوائزن انفارمیشن سینٹر، ڈیپارٹمنٹ آف فارمیسی سروسز
آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی
پی او بکس 3500 اسٹیڈیم روڈ، کراچی 74800 پاکستان
فون: 1504/1506 3486 21 92+
ای میل: drug.information@aku.edu
ویب سائٹ: hospitals.aku.edu/Karachi/dpic

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی
**The Aga Khan University Hospital**, Karachi

A Unit of The Aga Khan Hospital and Medical College Foundation; Licensed under Section 42 of the Companies Ordinance, 1984; Registered Office: Stadium Road, P. O. Box 3500, Karachi 74800, Pakistan